سوال

(82)ایک یا دو دن چھوڑ کر خون کا مسلسل جاری رہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض عورتوں کا خون مسلسل جاری رہتا ہے اور کبھی کبھی ایک یا دو دن رک کر پھر مسلسل بہنے لگتا ہے ایسی صورت حال میں نماز روزے اور دیگر عبادات کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اکثر اہل علم کا مشہور قول یہ ہے کہ جس عورت کے ماہواری کے ایام مقرر ہوں اور وہ گزر جائیں تو وہ غسل کر کے نماز پڑھے اور روزہ رکھے۔ رہا وہ خون جو وہ دو یا تین دن کے بعد دیکھتی ہے تو وہ حیض نہیں ہے اس لیے کہ ان علماء کے نزدیک طہر کی کم از کم مدت تیرہ دن ہے جبکہ بعض علماء نے کہا ہے کہ عورت جب خون دیکھے تو وہ حیض ہے اور جب وہ بند ہو جائے تو وہ پاک شمار ہوگی اگرچہ دو حیضوں کے درمیان طہر کی مدت تیرہ دن نہ ہو۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 125

محدث فتویٰ